**26.07.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............... کلیم احمد

**Music**

--------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج کرگل وِجے دِوس کے موقع پر ملک کے جانبازوں کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ ملک کیلئے اُن کی قربانی سبھی کو فخر سے سرشار کردیتی ہے۔

☆ آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام میں، جناب مودی نے بھارتی سائنسدانوں اور انجینئرس کی اجتماعی کوششوں اور کارکردگی کی ستائش کی، جس کے نتیجے میں بھارت دفاعی سامان کی تیاری اور خلاء کے شعبے میں نئی بلندیوں پر پہنچ رہا ہے۔

☆ جناب مودی نے کہا کہ انہیں ملک کے نوجوانوں کی قوت پر فخر ہے، جنہوں نے حالیہ کھیل مقابلوں اور بین الاقوامی اولمپیاڈس میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے کرگل کی لڑائی کے دوران اپنی جان نچھاور کرنے والے ملک کے دلیر سپاہیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے میں ملک کی قیادت کی۔

☆ سرکار نے بھارتی شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ بحرِ اسود کے خطے میں کمرشیل بحری جہازوں پر کام کرنے کی پیشکش قبول کرتے وقت موجودہ سکیورٹی صورتحال کو ملحوظِ خاطر رکھیں۔

☆ اور بھارتی موسمیات محکمے نے وسطی مہاراشٹر اور اڈیشہ میں آج انتہائی شدید بارش کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

--------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM - Man Ki Baat**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کرگل وجے دوس کے موقعے پر یہ کہتے ہوئے ملک کے جانبازوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے کہ خواہ یہ دفاعی سامان کی تیاری ہو، دفاعی برآمدات ہوں یا دوست ملکوں کے ساتھ سیاسی اشتراک کی بات ہو، بھارت لگاتار نئی بلندیوں پر پہنچ رہا ہے۔ آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں ملک کے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے،

جناب مودی نے کہا کہ آج 26 جولائی کی تاریخ ایک ایسا دن ہے، جسے یاد رکھنے کیلئے کیلنڈر کی ضرورت نہیں، کیونکہ آج کرگل وجے دوس منایا جارہا ہے۔

**SB - 1400 - Kargil Diwas**

وزیرِ اعظم نے کہا کہ اِس سال ایک خصوصی ''شوریہ وِجے یاترا'' کا اہتمام کیا گیا ہے، جو دلّی میں نیشنل War میموریل سے 14 جولائی کو شروع ہوئی۔

یہ موٹر سائیکل ریلی دَراس میں کرگل War میموریل پہنچے گی۔ اِس کا پیغام ہے، ''ایک سفر، ایک ملک، ایک سلام'۔

جناب مودی نے کہا کہ یہ سفرسبھی کو اِس بات کی یاد دلاتا ہے کہ ملک کیلئے کی گئی قربانی کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ بھارت لگاتار اپنی تکنیکی صلاحیت کو مستحکم بنا رہا ہے۔ انہوں نے بھارتی بحریہ میں INS مہندر گِری کو حال ہی میں شامل کئے جانے کا تذکرہ کیا۔

**SB - 1400 - INS Mahendragiri**

وزیرِ اعظم نے کہا کہ گذشتہ اتوار کو وِکرم One کے کامیاب لانچ کے بعد ہر بھارتی فخر سے سرشار ہوگیا۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ بھارت کا ایسا پہلا راکٹ ہے، جسے پرائیویٹ شعبے نے تیار کیا ہے۔

انہوں نے قابلِ قدر ہنرمندی، جذبے اور صبر وتحمل کا مظاہرہ کرنے پر نوجوان اختراع کاروں کی ستائش کی۔

Catch the Rain مہم کے بارے میں بات کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ چار جولائی سے پورے ملک میں ایک خصوصی مہم چل رہی ہے۔

**SB - 1400 - Catch the Rain**

'من کی بات' کے اپنے خطاب میں، وزیرِ اعظم نے کہا کہ ہر بھارتی شہری دولتِ مشترکہ کھیلوں میں حصہ لینے والے سبھی ایتھلیٹس کا جوش بڑھا رہا ہے، جو کچھ دن پہلے گلاسگو میں شروع ہوئے ہیں۔ جناب مودی نے، اِس بات پر فخر کا اظہار کیا کہ بھارتی نوجوانوں نے حال ہی میں کھیلوں کے شعبے میں نمایاں کارنامے انجام دیے ہیں۔

وزیرِ اعظم نے سائنس اولمپیاڈ کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ بڑی تعداد میں طلبا نے اِن مقابلوں میں حصہ لیا۔

فزکس، کیمسٹری، بایولوجی اور میتھ میٹکس میں اولمپیاڈ مقابلے اِسی مہینے ہوئے ہیں۔ اِن مقابلوں میں بھارتی ٹیموں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

وزیرِ اعظم نے 'مَن کی بات' کے آج کے نشریے میں کشمیر کی روایتی Vagu چٹائی کا تذکرہ کیا، جو سرکنڈے اور دھان کے تنکوں سے بنائی جاتی ہے۔ ماحولیات کیلئے سازگار اِس طرح کی چٹائی بنانے کی روایت برسوں سے چلی آرہی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ ملک ''ووکل فار لوکل'' کے منتر کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ کشمیر کی Vagu چٹائی کو اپنے گھر کا حصہ بنائیں۔

وزیرِ اعظم نے اِس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ ملک بھر میں لوگ '' ایک پیڑ ماں کے نام'' مہم کے ذریعے فطرت کے تئیں اپنی ذمہ داری کو پورا کررہے ہیں۔

جناب مودی نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ تقریباً 60 سال بعد گجرات کے Gir جنگلات میں Indian Grey Hornbill پرندہ، پھر سے وہاں اپنا مسکن بنا رہا ہے۔

'مَن کی بات' کے آج کے نشریے میں جناب مودی نے تریپورہ کے موسیقی کے Chongpreng ساز کا بھی ذکر کیا۔

**SB - 1400 - PM on Sangeet**

کل 27 جولائی کو بھارت رتن ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کی برسی منائی جائے گی۔ اِس تناظر میں جناب مودی نے کہا کہ ڈاکٹر کلام کی شخصیت میں کئی باعثِ ترغیب پہلو شامل تھے لیکن ایک ٹیچر کا رول، اُن کیلئے سب سے عزیز تھا۔

اپنے خطاب کے آخر میں، جناب مودی نے اگلے مہینے منائے جانے والے یومِ آزادی کا تذکرہ کیا اور سبھی لوگوں پر زور دیا کہ وہ MyGov پر 15 اگست سے پہلے بڑی تعداد میں اپنے اپنے خیالات اور تجویزیں شیئر کریں۔x

**PM Sonowal Call**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے مرکزی وزیر سربانند سونووال سے فون پر بات کی اور آسام میں سیلاب کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب سونووال نے کہا کہ وہ متاثرہ علاقوں کا دورہ کرکے موجودہ صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں اور سردست ڈبروگڑھ میں ہیں۔ جناب سونووال نے بتایا کہ تیزی کے ساتھ کارروائی کرنے کے وزیرِ اعظم کے عہد کے عین مطابق ایک بین وزارتی ٹیم پہلے ہی آسام پہنچ چکی ہے اور وہ ایک کے بعد ایک متاثرہ ضلعوں کا دورہ کررہی ہے۔x

**Kargil Vijay Diwas**

ملک بھر میں آج کرگل وِجے دِوس منایا جارہا ہے۔ یہ دن 1999 کی کرگل جنگ کے دوران اپنی جانیں قربان کردینے والے بھارتی فوجیوں کی بہادری کی تعظیم کے طور پر منایا جاتا ہے۔ یہ دن بھارت کی پاکستان پر فتح اور آپریشن وِجے کے کامیاب اختتام کی 27 ویں سالگرہ کے طور پر بھی منایا جاتا ہے۔ اِس آپریشن کے دوران، بھارتی مسلح افواج نے پاکستانی فوجیوں اور دہشت گردوں کی جانب سے دراندازی کے بعد جموں و کشمیر کے کرگل ضلع کے علاقوں کو دوبارہ حاصل کیا تھا۔

اِس موقع پر، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے مادرِ وطن کے دفاع میں اپنی جانیں قربان کردینے والے بہادر فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔x

**Rajnath Kargil Diwas**

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج لداخ کے دراس میں کرگل جنگی یادگار پر 27ویں کرگل وجے دِوس کی تقریب کی قیادت کی اور 1999 کی کرگل لڑائی کے جانبازوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ وزیرِ دفاع نے وہاں ایک گلدائرہ نذر کیا اور اُن سپاہیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا، جنہوں نے آپریشن وِجے کے دوران عظیم قربانی پیش کی تھی۔

اِس تقریب میں لداخ کے لیفٹننٹ گورنر، فوج کے سربراہ اور دیگر ممتاز افراد نیز شہیدوں کے ارکانِ خاندان نے بھی شرکت کی۔

اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے، جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ کرگل کی لڑائی نہ صرف بھارت کی فوجی اور سفارتی فتح تھی بلکہ یہ ایک ایسا یادگاری اور تاریخی لمحہ تھا، جب دنیا نے بھارتی فوجیوں کی بے مثال دلیری اور بہادری کا مشاہدہ کیا۔x

**JK Amarnath Yatra**

4 ہزار 474 یاتریوں کا ایک جتھہ آج صبح سویرے سالانہ امرناتھ یاترا کیلئے جموں کے بنیادی پڑاؤ سے روانہ ہوا۔ جموں-سری نگر قومی شاہراہ کا راستہ کھلنے کے بعد یاتری روانہ ہوئے ہیں۔ وہاں چٹانوں کے ٹکڑے گرنے سے راستہ بند ہوگیا تھا۔ حکام نے بتایا ہے کہ 166 گاڑیوں کے قافلے میں یاتریوں کا 19 واں جتھہ سخت سکیورٹی بندوبست میں روانہ ہوا۔
سالانہ امرناتھ یاترا، رکشا بندھن کے تہوار کے ساتھ اگلے مہینے کی 28 تاریخ کو ختم ہوگی۔x

**MEA advisory**

وزارتِ خارجہ نے ایک ایڈوائزری جاری کرکے بحرِ اسود میں چلنے والے یا وہاں سے گزرنے والے کمرشیل بحری جہازوں پر روزگار کے خواہشمند بھارتی شہریوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اِس طرح کا کام قبول کرنے سے پہلے موجودہ سکیورٹی خطرات کا پوری احتیاط کے ساتھ جائزہ لیں۔

ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ جو لوگ اِس طرح کے روزگار پر جانے کا ارادہ رکھتے ہیں، انہیں انتہائی محتاط انداز سے کام کرنا چاہیئے۔ موجودہ محاذ آرائی کے تناظر میں بحرِ اسود اور اُس کے اطراف نیز اِس سے متصل بحری علاقوں میں سکیورٹی کی صورتحال اب بھی بہت کشیدہ ہے۔

اِن آبی گزر گاہوں سے ہوکر جانے والے کمرشیل بحری جہازوں کو میزائل اور ڈرون حملوں سمیت بڑے سکیورٹی خطرات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

اِس سال اپریل کے بعد سے کمرشیل بحری جہازوں پر اِس طرح کے حملوں کے واقعات میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے اور اِس کی وجہ سے پانچ بھارتی شہریوں کی المناک موت بھی ہوئی ہے۔

اپنی ایڈوائزری میں وزارتِ خارجہ نے بھارتی شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ بحری جہاز کے راستے، متعلقہ بندرگاہ، سکیورٹی انتظامات، بیمے کی سہولت اور ایمرجنسی اقدامات کے تعلق سے آجروں یا بھرتی کرنے والی ایجنسیوں سے تفصیلی جانکاری حاصل کرلیں۔x

**Indian - IN Ukraine Vessel**

یوکرین میں بھارتی سفارتخانے نے کہا ہے کہ وہ کل Odesa بندرگاہ پر مال بردار بحری جہاز MV AGN Ragnar پر حملے کے واقعے کے بعد سے صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر سفارتخانے نے کہا ہے کہ اِس بحری جہاز میں 4 بھارتی شہری سوار تھے۔ اِن میں سے 2 افراد کے محفوظ ہونے کے بارے میں تصدیق ہوگئی ہے، جبکہ دیگر 2 افراد کے بارے میں ابھی جانکاری نہیں مل سکی ہے۔

بھارتی سفارتخانے نے کہا ہے کہ تلاش اور بچاؤ کی کارروائی جاری ہے اور وہ متعلقہ حکام کے ساتھ رابطہ قائم کیے ہوئے ہے۔x

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے نے وسطی مہاراشٹر اور اڈیشہ میں آج انتہائی شدید بارش کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اِدھر چھتیس گڑھ، گجرات، کونکن اور گوا میں اگلے دو-تین دن کے دوران شدید سے لے کر بہت شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆